رائے عامہ سروے

## عمومی

# 9% پاکستانی بالغ افراد (تقریباً 11 ملین) گزشتہ چھ ماہ کے دوران آن لائن خریداری کرنے کا دعویٰ کرتے ہیں۔


**(گیلپ & گیلانی پاکستان پول)،**

(اسلام آباد)، 02 مئی، 2023

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، 9% پاکستانی آن لائن خریداری کرنے کا دعویٰ کرتے ہیں، تاہم پاکستانیوں کی بھاری اکثریت (91%) نے گزشتہ چھ ماہ کے دوران کوئی آن لائن خریداری نہیں کی۔ آبادی کے لحاظ سے آن لائن خریداری کرنے والے افراد کا اندازہ لگایا جائے تو تقریباً 11 ملین بالغ افراد ایسے ہیں جنھوں نے آن لائن خریداری جیسی سہولت کو استعمال کیا۔

سروے میں پاکستان بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"کیا آپ نے گزشتہ چھ ماہ کے دوران آن لائن خریداری کی یعنی کوئی چیز/اشیاء آن لائن خریدی؟"**۔ اس سوال کے جواب میں، 9% جوابدہندگان کے مطابق "ہاں" اُنھوں نے گزشتہ چھ ماہ کے دوران آن لائن خریداری کی، جبکہ 90% کے مطابق "نہیں" اُنھوں نے گزشتہ چھ ماہ کے دوران کوئی آن لائن خریداری نہیں کی، تاہم 1% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔


**"کیا آپ نے گزشتہ چھ ماہ کے دوران آن لائن خریداری کی یعنی کوئی چیز/اشیاء آن لائن خریدی؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

## عمر کے اعتبار سے نتائج: آن لائن خریداری 18 سے 30 سال کی عمر کے نوجوانوں میں زیادہ مقبول ہے۔

نیچے دیے گئے گراف میں یہ دیکھا جاسکتا ہے کہ بڑی عمر کے افراد کی نسبت نوجوان افراد آن لائن خریداری کرنے کا زیادہ امکان رکھتے ہیں۔30 سال سے کم عمر افراد کی 13% شرح کا کہنا تھا کہ گزشتہ چھ ماہ کے دوران اُنہوں نے آن لائن خریداری کی، 30 سے 50 سال کی عمر کے افراد کی 7% شرح کا کہنا تھا کہ گزشتہ چھ ماہ کے دوران اُنہوں نے آن لائن خریداری کی، جبکہ 50 سال سے زائد عمر کے افراد کی صرف 5% شرح کا یہ کہنا تھا کہ گزشتہ چھ ماہ کے دوران اُنہوں نے آن لائن خریداری کی۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 1135 مرد و خواتین سے کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95%اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Tuesday, May 02nd, 2023**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2023

celebrating
43
years
of Gallup Pakistan
(1980-2023)